# اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا نواں سالانہ اجلاس عام 30 مارچ 2015 بروز پیر 04:00 بجے شام، موسیٰ جی ڈیسائی آڈیٹوریم، انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹس آف پاکستان، ICAP ہاؤس، بلاک 8، کلفٹن، کراچی میں درج ذیل کارروائی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

الف) عمومی کارروائی

1۔ 31 دسمبر 2014 کو ختم ہونیوالے مالی سال کیلئے بینک اور اسکی ذیلی کمپنیوں کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس (کنسولیڈیٹڈ اور اَن کنسولیڈیٹڈ) اور ان پر ڈائریکٹران اور آڈیٹران کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور اور انکی توثیق۔

2۔ میسرز KPMG تاثیر ھادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا 2015 کیلئے بطور بیرونی آڈیٹران کا تقرر اور انکے معاوضے کے تعین کیلئے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر کو اختیار دینا۔ میسرز KPMG تاثیر ھادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونیکے سبب پھر سے تقرری کی درخواست دی ہے۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کی روشنی میں 15% (یعنی 1.50 روپے فی حصص) نقد منافع کی ادائیگی پر غور اور منظور کرنا جو سال 2014 کیلئے ادا کئے جانیوالے 7.5% عبوری منافع کے علاوہ ہے۔

ب) خصوصی کارروائی:

4۔ 31 دسمبر 2014 کو ختم ہونے والے سال کیلئے بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے تحت بینک کے خودمختار نان ایگزیکٹو ڈائریکٹران کو ادا کئے گئے معاوضوں کی منظوری اور اس سلسلے میں مندرجہ ذیل قرارداد کو بمعہ یا بغیر ترمیم، اضافے یا اخراج، بطور عمومی قرارداد منظور کرنا:

"قرار پایا کہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے تحت دی گئی صوابدید پر، بورڈ آف ڈائریکٹران کے فیصلے کہ بورڈ کے نان ایگزیکٹو ممبران کو 31 دسمبر 2014 کو ختم ہونے والے سال کیلئے مبلغ 5,795,000 روپے فیس ادا کرنے کو حصص یافتگان کی جانب سے توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔"

کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (b) (1) 160 کے تحت مذکورہ سالانہ اجلاس عام میں عمل میں لائی گئی خصوصی کارروائی سے متعلق ضروری حقائق کی دستاویز درجہ ذیل منسلک ہے۔

ج) دیگر کارروائی

5۔ چیئرپرسن کی اجازت سے کوئی اور کارروائی عمل میں لانا۔

بحکم بورڈ

(آصف اقبال عالم)

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 04 / مارچ 2015

**نوٹس:**

1۔ بینک کی حصص کی منتقلی کی کتابیں **23 مارچ 2015** سے لے کر **30 مارچ 2015** تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ صرف وہ ممبران جن کے نام 20 مارچ 2015 کو بینک کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے، وہی اس سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، ووٹ دینے اور ڈیویڈنڈ لینے کے اہل ہوں گے۔

3۔ ایک ممبر جو اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے اپنی جگہ کسی اور فرد کو بطور نمائندہ اجلاس میں شرکت، بولنے، ووٹ کے لئے مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسیز کے مؤثر ہونے کیلئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرار آفس میں اجلاس سے 48 گھنٹے قبل موصول ہوجائیں۔ ایک ممبر ایک سے زیادہ پراکسی نامزد کرنے کا مختار نہ ہوگا۔

4۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں ہونے والی کسی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ)، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، SMCHS، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400۔ ٹال فری نمبر: (23275) 0800-CDCPL، فیکس 021-34326053، ای میل ایڈریس: info@cdcpak.com پر مطلع کریں۔

5۔ (الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا گروپ کے اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز کے حامل افراد اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، اسلئے شناخت کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت دکھانا لازمی ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ، نامزد کرنیوالے کے دستخط کیساتھ اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوگا۔

(ب) پراکسیز کی نامزدگی کیلئے

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا گروپ کے اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز کے حامل افراد اور انکی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، اس لئے پراکسی فارم بینک کی جانب سے لاگو کئے گئے قواعد کے مطابق پُر کرکے پیش کرنا ہوگا۔

(II) پراکسی فارم کا دو افراد سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہے جن کے نام پتہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کے نمبر فارم پر لکھے ہوں گے۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ پراکسی اور اصل مالک کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کرنا ہوگی۔

(iv) پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھانا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ، نامزد کرنیوالے کے دستخط کے ہمراہ پراکسی فارم کیساتھ بینک میں جمع کرانا ہوگا۔

6۔ کمپنی آرڈیننس 1984 کے سیکشن 173 کے تحت ممبران بینک کے رجسٹرڈ پتے پر 28 مارچ 2014 کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی روداد کا معائنہ کرسکتے ہیں۔

7۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی شرائط 2014 / (I) S.R.O. 634 کے تحت سال مختتمہ 2014 کی سالانہ رپورٹ کی ممبرز کو ترسیل کے ساتھ بینک کی ویب سائٹ پر بھی فراہم کی جائیگی۔

8۔ FBR کی ہدایت کے مطابق ڈیویڈنڈ کی مجموعی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی انکم ٹیکس فائلرز کیلئے 10% اور نان فائلرز کیلئے 15% ہوگی، فائلر سے مراد وہ فرد ہے جس کا نام ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل ہے یا "ٹیکس پیئرز کارڈ" رکھنے والا اور نان فائلر سے مراد وہ فرد ہے جو فائلر نہیں ہے۔ بینک کو کیش ڈیویڈنڈ پر 15% کے بجائے 10% ٹیکس کی کٹوتی کا مجاز بنانے کیلئے تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام FBR کی فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں ہیں، اس امر کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، ان کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ بندش کے پیریڈ (جس کا حوالہ اوپر دیا گیا ہے) کے آغاز سے قبل ATL میں اپنے نام کا اندراج یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کی کٹوتی 10% کے بجائے 15% کی شرح سے کی جائیگی۔

9۔ SECP کے نوٹیفکیشن 2014 (I) SRO 787 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے ذریعے کمپنیوں کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ہمراہ سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کی ای میل کے ذریعے ترسیل کی اجازت دی گئی ہے لہٰذا بینک کے وہ تمام ممبرز جو سالانہ رپورٹ سافٹ کاپی کی صورت میں حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے ای میل ایڈریسز ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ الیکٹرک ٹرانسمیشن کیلئے رضامندی کا فارم ہماری ویب سائٹ (www.sc.com/pk) کے نوٹسز سیکشن ('about us' ٹیب کے نیچے) سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

### سیکشن (b) (1) 160 کے تحت بیان

بینک کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 60 کے تحت بورڈ کے خودمختار نان ایگزیکٹو ممبران کو ادا کی جانیوالی میٹنگ فیس کی بورڈ آف ڈائریکٹرز کیجانب سے منظوری دی گئی۔ اس میٹنگ فیس کی اسٹیٹ بینک آف پاکستان کیجانب سے جاری کئے گئے پروڈینشل ریگولیشنز برائے کارپوریٹ/ کمرشل بینکنگ کے ریگولیشن G-1 کے پیراگراف C-2 کے تحت سالانہ اجلاس عام میں حصص یافتگان سے منظوری لینا ضروری ہے۔ بورڈ کے خودمختار نان ایگزیکٹو ممبران فیس کی ادائیگی میں دلچسپی رکھتے ہیں اور بورڈ کے باقی ممبران کی معاملے میں دلچسپی نہیں ہے۔

**CNIC کی ضرورت/ ای ڈیویڈنڈ/ بینک مینڈیٹ پر حصص یافتگان کی آگاہی**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات بذریعہ خط نمبر 2012/(I)831 SRO بتاریخ 5 جولائی 2012 پر عملدرآمد کیلئے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے قومی شناختی کارڈ کی نقل ہمارے شیئر رجسٹرار کے ایڈریس پر مہیا کریں، اگر ابھی تک انہوں نے یہ نقول جمع نہیں کرائیں۔

مزید یہ کہ بینک اپنے شیئر ہولڈرز کی اپنے بینکوں کو ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فراہم کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اس طریقے کے فوائد میں ڈیویڈنڈ کی فوری منتقلی اور ڈیویڈنڈ وارنٹس کے ڈاک میں گم ہوجانے یا ترسیل نہ ہونے یا غلط پتے پر ترسیل کے امکانات کا نہ ہونا شامل ہیں۔ مزید معلومات کیلئے ممبران ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Standard Chartered